# 7858 ـ كيا شوال كے چھ روزے مسلسل ركھنے ضروری ہيں

**سوال**

كيا شوال كے چھ روزوں ميں تتابع شرط ہے يعنى وہ مسلسل ركھنے چاہيیں يا يہ ممكن ہے كہ ان ميں فرق بھی كيا جاسكتا ہے ، كيونكہ ميں چاہتا ہوں كہ دو دو كركے ركھوں كيونكہ ہفتہ كے آخر ميں مجھے دو چھٹياں ہوتی ہيں ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

اس ميں تسلسل شرط نہيں لھذا اگر وہ ايک ايک يا پھر تسلسل كے ساتھ بھی ركھے تو اس ميں كوئي حرج نہيں ، ليكن اس ميں جتنی جلدی كرے اتنا ہی افضل اوربہتر ہوگا ۔

اللہ تعالی كا فرمان ہے :

خير اوربھلائی ميں سبقت كيا كرو ۔

اورايک مقام پركچھ اس طرح فرمايا :

اپنے رب كی مغفرت وبخشش كی طرف جلدی كرو ۔

اورموسی عليہ السلام نے كہا :

اے رب ميں نے تيری رضا كے ليے جلدی كی ہے

اوراس ليے بھی كہ تاخير كرنے ميں آفات اورمشاكل پيدا ہوسكتی ہيں ، شوافع اوربعض حنابلہ كا مسلک يہی ہے ۔

ليكن اگر روزہ ركھنے ميں جلدی نہ بھی كی جائے بلكہ پورے مہينہ ميں چھ روزے ركھنے ميں كوئي حرج والی بات نہيں ۔

امام نووی رحمہ اللہ تعالی كہتے ہيں :

ہمارے اصحاب کا کہنا ہے : اس حدیث کی بنا پرشوال کے چھ روزے رکھنے مستحب ہیں ، ان کا کہنا ہے کہ : شوال کے چھ روزے شروع میں ہی مسلسل رکھنے مستحب ہیں لیکن اگر اس میں تسلسل نہ بھی رکھا جائے اورآخرشوال تک مؤخر کردیئے جائیں تو یہ بھی جائز ہے ۔

ایسا کرنے سے وہ اس سنت پر عمل پیرا ہوگا ، اوراس حدیث کے عموم اوراطلاق پر عمل ہوجائے گا ، اس میں کوئي اخلاف نہيں ، امام احمد اورداود رحمہم اللہ تعالی کا یہی کہنا ہے ۔ دیکھیں المجموع شرح المھذب ۔

واللہ اعلم .